سب تکلف نظر آتی ہیں خرافات مجھے — وصل ہونے کی بتاؤ تو کوئی گھات مجھے

٨

دردی ہست کہ حیرانم و تدبیرم نیست
عاشق بی سر و سامانم و تدبیرم نیست

رات فرقت کی نہ دیکھی تھی کبھی آج تلک — رو کی کاٹی نہ تھی ایک ایک گھڑی آج تلک
نہ لگائی تھی یہ ساون کی جھڑی آج تلک — نہ سہی تھی یہ بلا اتنی کڑی آج تلک
سینے کھائی تھی یہ پلکوں کی چھری آج تلک — یہ مصیبت نہ تھی واللہ پڑی آج تلک

٩

آنچہ کردی تو بمن ہیچ ستمگار نکرد
ہیچ سنگین دل و بیدادگر این کار نکرد

کب تلک تجھ سے جدا رات دن رنجور رہوں — کب تلک ظلم سہوں چپ رہوں مجبور رہوں
کب تلک عاشق مہجور میں آپکی مشہور رہوں — کب تلک خالی محبت میں بھلا چور رہوں
کب تلک وصل کی امید میں مسرور رہوں — کب تلک پاس رہیں غیر میں یاں دور رہوں

١٠

شرح این آتش جانسوز نگفتن تا کے
سوختم سوختم این سوز نہفتن تا کے

تیری محبت میں خوشی کو کبھی بار نہ تھا — تجھ بن یہ ستاتا دن رات یہ دل بیمار نہ تھا
سامنے تیرے کبھی عشق کا اظہار نہ تھا — اس طرح وصل کا ایک ایک بہی اقرار نہ تھا
تجھ سے ملنے کا کبھی آپ کو انکار نہ تھا — دل کسی اور کا بالوں میں گرفتار نہ تھا

۱۱

کس درین سلسلہ غیر از من دلبند نبود
یک گرفتار ازین جملہ کہ ہستند نبود

ہمنے مغرور کیا تجھکو بنایا ہمنے
ای پری حور کیا تجھکو بنایا ہمنے
اس قدر جور کیا تجھکو بنایا ہمنے
نقشا مین چور کیا تجھکو بنایا ہمنے
رنج مہجور کیا تجھکو بنایا ہمنے
سب مین مشہور کیا تجھکو بنایا ہمنے

۱۲

بس کہ کردم ہمہ جا شرح دل آزاری تو
شہر سرگشت ز غوغای تماشائی تو

تجھسے دم بھر کی جدائی نہ کبھی ہوتی تھی
رات دن ایسی لڑائی نہ کبھی ہوتی تھی
لوگون مین میری برائی نہ کبھی ہوتی تھی
چھپکے غیرون سی صفائی نہ کبھی ہوتی تھی
نارساؤنکی رسائی نہ کبھی ہوتی تھی
گھر مین ساری خدائی نہ کبھی ہوتی تھی

۱۳

این زمان عاشق سرگشتہ فراوان داری
کی سر برگ من بی سر و سامان داری

یاد آتی ہین وہ دن جبکہ مین اکثر ہمکو
رات دن وصل سی فرصت تھی دم بھر ہمکو
جانا ملتا نہ تھا گھر سے تیری باہر ہمکو
اب نئی رنگ کہاتا ہے مقدر ہمکو
ایک بوسہ نہین ہوتا ہے میسر ہمکو
گالیان ملتی ہین غیرون کی برابر ہمکو

۱۴

پیش تو یار تو و یار کس ہر دو یکیست
عزت مدعی و حرمت من ہر دو یکیست

تیرے جو سمجھے تھے آگاہ غلط سمجھے تھے
یا وفا سمجھے تھے واللہ غلط سمجھے تھے
دی دیا مفت مین دل آہ غلط سمجھے تھے
کیا بری چیز ہی یہ چاہ غلط سمجھے تھے
اب نہین جانی کی اوس راہ غلط سمجھے تھے
خیر قصہ ہوا کوتاہ غلط سمجھے تھے

۱۵

جان من سنگدلی دل بتو دادن غلط است
چشم امید براہ تو کشادن غلط است

روز کی ظلم سہون جان کہان تک کب تک
دل کو وحشت رہی ہر آن کہان تک کب تک
پھروڻ گلیون مین پریشان کہان تک کب تک

وصل کی رات کا ارمان کہان تک کب تک
ایسی چاہت کی ہی قربان کہان تک کب تک
صاحب اللہ نگہبان کہان تک کب تک

۱۶

چون چنین است پی کار دگر باشم به
چند روزی پی دلدار دگر باشم به

خوبصورت ہین زمانی مین ہزارون تمسے
بیمروت ہین زمانی مین ہزارون تمسے
کج طبیعت ہین زمانی مین ہزارون تمسے

صاف رنگت ہین زمانی مین ہزارون تمسے
بی محبت ہین زمانی مین ہزارون تمسے
لوگ آفت ہین زمانی مین ہزارون تمسے

۱۷

نخل نوخیز گلستان جہان بسیار است
گل این باغ بسی سرو روان بسیار است

یہ تو فرماتی صاحب حقیقت کیا ہے
جو کچھ ہال نہ ہو اوسکی محبت کیا ہے
ہیمرہ رہنی مین نزاکت کی لذت کیا ہے

آپ کیا مال ہین اور آپ کی صورت کیا ہے
بیمروت سے گلا کیا ہی شکایت کیا ہے
آپ کو پیار کرون کیون مری شامت کیا ہے

۱۸

سر ہم تا بسجود بت دیگر باشم
بازہ اگر سجدہ کنم پیش تو کافر باشم

پیار کرنیکی کی تمھین قدر ہے کیا جانو
عشق سوتا نہین ہوفی ہی قضا کیا جانو
ایسی کسن ہو بہت نام خدا کیا جانو

بی وفا ہو کسی کہنے مین وفا کیا جانو
کیونکر آتی ہی بلا جانی بلا کیا جانو
بی تمہار آدمی ہو تم یہ مزا کیا جانو

١٩

دور و من کشتهٔ شمشیر بلا پیدا اند
سوز من سوختهٔ داغ جفا پیدا اند

بہت گیا دل تری باتوں سے محبت نہ رہے
اب وہ چاہت نہ رہی اب وہ طبیعت نہ رہے
صدمے پر صدمہ ہمارا ہجر میں حالت نہ رہے

دل میں خاک اور تری ہی اب نام کو الفت نہ رہے
پیار کرنے میں جو لذت تھی وہ لذت نہ رہے
اب تری کوچے میں آنے کی بھی طاقت نہ رہے

٢٠

عمر ستے در پے عشق تو دویدیم بس است
راه صد بادیه در در بریدیم بس است

اب کسی اور کو ہم پیار کرینگے واللہ
تیری الفت کا نہ اقرار کرینگے واللہ
نام لینے سے تری عار کرینگے واللہ

اب تری ملنے سے انکار کرینگے واللہ
بلکہ ہر بات میں تکرار کرینگے واللہ
دل کہیں اور گرفتار کرینگے واللہ

٢١

چاره انیست ندانم به ازین رای دگر
که رهم جا بسے دگر دل بدل آرای دگر

ایسے ہی ایسا جلاؤں کہ تجھی خاک کروں
اپنا کرتی یہ گریبان کئی چاک کروں
سخت کر دوں تجھے بالکل اوسی چالاک کروں

قطع کرکے تیری اوس چوری پوشاک کروں
سامنے تیرے اوسے چھپ کے بیباک کروں
تو سہی اپنی طرح تجھکو بھی غمناک کروں

٢٢

بعد ازین رای من انیست که چون خواهد بود
نیست سر این ستم والبته چنین خواهد بود

ای صنم اسکے سوا اب کوئی تدبیر نہیں
دل لگا کو کہیں لاؤں تمہیں کچھ تاثیر نہیں
حال جو اپنا ہی قابل تحریر نہیں

اس سے بہتر کوئی معشوق کی تعزیر نہیں
صاف باتیں ہیں یہ کچھ پیچ کی تقریر نہیں
اسکی تقصیر ہی کچھ آپ کی تقصیر نہیں

این ندانست کہ قدرِ ہمہ یکسان نبود
زاغ را مرتبۂ مرغِ غزلخوان نبود

واسوخت سوم

نئی انداز کا واسوخت سناتی ہین تمھین | گرما گرمی یہ طبیعت کی دکھاتی ہین تمھین
جسقدر ہمکو ستایا ہے ستاتی ہین تمھین | دیکھنا ہا تو نہین کیا تجھے بتاتی ہین تمھین

۲

صحبتین گرم رہین جشن مبارک صاحب
ضبط کی تاب نہین چپ رہین کب تک صاحب

دل بیزار ہین غصے مین بھرے بیٹھے ہین | اب تلک آپکی باعث سی ڈرے بیٹھے ہین
ہم مین بیٹھے ہین جہان کی خبری بیٹھے ہین | اپنی دانست مین سب عمر مری بیٹھے ہین

۳

دیکھنا کاٹ سر وہی کا دکھا دینگے آج
لال کوٹھے ترے گھر کو بنا دینگے آج

مین بہت رنج مین دو چار گھڑی بیٹھے ہم | تھا غضب ہے رقیبون پہ اتر بیٹھے ہم
آپ کیا آپ کے گھر ہی سے بیزار ہین ہم | گالیان دیکے ابھی سبکو پکارینگے ہم

۴

پاس بیٹھو نہ لگاوٹ سی ہو دور ہی ہو
دور ہو سامنے سے دور ہے ہو دور ہی ہو

آج سے بات نہ کرنا یہ کہے بیٹھے ہین | بات کرتے ہوے ڈرنا یہ کہے بیٹھے ہین
دم محبت کا نہ بھرنا یہ کہے بیٹھے ہین | اب انہین لوگون پہ مرنا یہ کہے بیٹھے ہین

۵

خوب صحبت ہی تمھین واہ اجی قابل ہو
اپنے قابل نہین واللہ اجی قابل ہو

تمنے معشوق بنایا تمھین محبوب کیا | اونکے بدلے مین سلوک آپنے کیا خوب کیا

بی حجاب آور وہی ہو کر مجھے محجوب کیا
تمنے جو امر کیا وضع سے معیوب کیا

(٦)
آگے اس طرح کی صحبت نہ رہا کرتی تہی
آگے اس طرح بر انڈی نہ بہا کرتی تہی

لگے گو یہ طور نہ تھا آپ جو غضب ہوتا ہے
کشتہ ایک ایک سے اسم طلب ہوتا ہے
پیالے پیے چہین پڑے تمکو یہ کب ہوتا ہے
نہین معلوم کہ کون اسکا سبب ہوتا ہے

(٧)
ہین بڑی غیرتی کی لوگون نے بگاڑا تمکو
چھوڑ کر بیکے مری گھر سے اوکھاڑا تمکو

پھر اسطرح سر افراز نہ ہوتے تھے کبھی
آنند دیکھ کے سو ناز نہ ہوتے تھے کبھی
ماش اسطرح مری راز نہ ہوتی تھی کبھی
سحر کی باتون سے اعجاز نہ ہوتے تھے کبھی

(٨)
اون دنون مین تری صحبت کا تو یہ رنگ تہا
جوڑ بازا ایک نہ تہا ایک عجب رنگ تہا

غیر کی بات کہان ذہن نشین ہوتی تہی
ابر ہوتا تہا مگر برق کہین ہوتی تہی
ٹھاٹ لو چندی کی تہی جب تو یہ نہ ہوتی تہی
فتنا جب کہا کیکو کہتے تھے نہین ہوتی تہی

(٩)
چھین تاڑی کی نہ اسطرح بہر تی تہی
نہ بیان یاقوتیون تی یون بہری ہتی یہان

صاف تو یہ ہی پیشانیہ کرک کاہی کو تہی
صاف تو یہ ہی کہ رمن یہ نچاب کاہی کو تہی
صاف تو یہ ہے یہ رنگت مین چمک کاہی کو
صاف تو یہ ہی کہ یہ نوک پلک کاہی کو تہی

(١٠)
اگی اس طرح بدن مین کبھی بو باس نہ تہی
منہ کہنے مین جیسے آب گے تری پاس نہ تہی

گو ہم آگے بہی دھیوڑی مین بڑے رہتے تہے
لوگ اس طرح نہ گھر مین پڑے رہتے تھے

روکنے کے لیے وہ زبان کھرے بیٹھے ہین | چاہنے والے نہ گلیون مین اٹھ رہتے

۱۱

آگے اس طرح کسی سے نہ لڑی تھین آنکھین
سب کے آنکھون سے تو آگے سہی بڑی تہین آنکھین

دیکھتا تمکو نہ آتا تھا وہ کہانا کیسا | یہ نہ معلوم تھا ہوتا ہے نشانہ کیسا
چھوٹی تھین کسی کہتے ہین بہانہ کیسا | منہ سے آواز نکلتی نہ تھی گانا کیسا

۱۲

ڈر کے لینے کی کوئی گھات بھی معلوم نہ تھے
بات کرنے کی کوئی بات بھی معلوم نہ تھی

اب تو کیا کیا نئے انداز نکالے تمنے | واہ کیا ڈھونڈھ کے دمساز نکالے تمنے
آشنا سارے دنیا یار نکالے تمنے | نئے اغیار نئے ناز نکالے تمنے

۱۳

کسی طرح دل مین سمائی ہے خدا خیر کرے
کس طرح وضع بنائی ہے خدا خیر کرے

اذیت سہی نہین آپکو مین دیکھ لیا | پیار کرکے تمھین میں نے ... دیکھ لیا
اب زیادہ نہین شیشے کو مین دیکھ لیا | خوب سا دیکھ لیا آپ کو میں دیکھ لیا

۱۴

اپنی صاحب سے ملاقات بنا مین کب تک
تم مرو اور کسی پر تمھین چاہین کب تک

ہون نہ مغرور کہ ہم پر بھی ہی عالم تھا | یاد تو کیجیے کچھ آپ سے بندہ کم تھا
جیسے تم ہو تم مین بھی یون ہین ہم بھی تھا | آج تک کہتے ہین سب لوگ عجب تھا ہم تھا

۱۵

جب یون ہین حسن سے مغرور تھے ہم تم دونون
لکھنؤ مین یون ہین مشہور تھے ہم تم دونون

بلکہ رنگ آپکا مدہم تمہاری رنگت سے | آئینے مین نہین ملتا تمہاری صورت سے

عاشقوں کا ہی یہ دستور تمھیں چھیڑتے ہیں
ترک بالکل نہیں منظور تمھیں چھیڑتے ہیں

۲۱
اب بھی کچھ بات نہیں ہے جو منا لو ہمکو
جتنی جو باتیں سنائی ہیں سنا لو ہمکو

سنکے جلسے کی خبر آئی تھی سرشار تھے ہم
غصہ اس طرح کا تھا روح سے بیزار تھے ہم

کیا ہوا مارنے پر غیروں کے طیار تھے ہم
آپ ہی کا ہیکو تھے نشے سے ناچار تھے ہم

۲۲
منت ہیں آپ سے اور بھی ہو لی تقریر ہوے
بشریت تو ہی انسان ہیں تقصیر ہوے

رنج اب جانی وہ صورت نہ پریشان کرو
کوس لو کاٹ لو جو چاہو تو ایجان کرو

بس اٹھو پھر خدا وصل کے سامان کرو
دیکھو گھورو نہ بہت اپنی طرف دھیان کرو

۲۳
مجھ سے بیفائدہ کی یہ خفگی جانے دو
بس رلایا بہت ایسے تو ہنسے جانے دو

تم چلے جاو تو ہو عید ہمارے گھر میں
سجدے کرتے پھریں ایجان ابھی سارے گھر میں

ہو چلیں وصل کے سامان تمھارے گھر میں
حشر تک ہوں نہ رقیبوں کے گذارے گھر میں

۲۴
گھر سے نکلیں نہ کبھی اپنا جو گھر ہو دل میں
عشق پیدا وہ کریں ہم کہ اثر ہو دل میں

ہمسے ملجاو رقیبوں کو خفا ہونے دو
سایہ کی طرح سے دم بھر نہ جدا ہونے دو

اپنے بیمار کی لازم ہے دوا ہونے دو
زندگی تلخ ہی جینے کا مزا ہونے دو

۲۵
نہیں ملنے کے کہیں چاہنے والے ہمسے
سارے عالم میں نہیں چاہنے والے ہمسے

ہم وہ عاشق ہیں اگر تیرا اشارہ ہو جاے
ہاں کیا جان کا دینا بھی گوارا ہو جاے

تم بانّدا بھی سب سے کنارہ ہو جائے — چھوڑ دین گھر ترا کوچہ ہمین پیارا ہو جائے

۲۶

ہم وہ عاشق ہین ہتھیلی پہ ہمیشہ سر ہے
جان مانگو تو اسی وقت کہین حاضر ہے

خود گلا کاٹ کے مر جائین اگر مرضی ہو — ابھی کوٹھی سے اوتر جائین اگر مرضی ہو
مر کے اس کوچے سے گھر جائین اگر مرضی ہو — منہ سے جو کہتے ہین کر جائین اگر مرضی ہو

۲۷

آزما لیجیے اسمین بھی نہین بند ہین ہم
آپ راضی ہون تو باللہ رضامند ہین ہم

جو تبا اسوخت کہا آپ نے واللہ سحر — اپنے غصے سے کیا خوب بنا ہین کام سحر
[illegible] ملنے کی نکالی یہ نئی وجہ سحر — تور کے بند کہی صل علی واہ سحر

دل جلانے کی یہ تدبیر نکالی تم نے
مار رکھنے کی یہ تقریر نکالی تم نے

قصیدہ اول

ہو گئی اور ہی کچھ اب تو ہوا ہی گلزار — دھوم ہی آئی بہار آئی بہار آئی بہار
باغ مین ہونے لگی خانہ عشرت طیار — ہر رگ تاک نظر آئی طناب معمار
بارہ دریون مین لگائی گئی جھاڑ [illegible] — چلمنین سبز بندھین پردے گلابی گلنار
جابجا ہونے لگی اطلس مخمل کے فرش — چھتین سونے کی بنائی گئین سب مینا کار
سرخی کوٹی گئی ہر ایک روش اوپر — مہندی کتری گئی چھانٹی گئی سرو گلزار
سبزے سینچے لگی صاف ہوئی صحن چمن — باغ سے دور ہو برگ خزان کی انبار
باغبان قینچیان ہاتھون مین لیے پھرتے ہین — قد آدم سے نکلنے نہین پاتی اشجار
پھول چننے مین ہین مصروف دل ہین گلچین — خشتے بیماد مین گلشن ہین ہمہ تن مشغول

کوئی جا باغ مین خالی نہین ان سے — جسطرف کوئی نہین ہے تو وہان ہی یہ بہار
ڈالیان سینے سجاتے ہین صبا تا پیچی — گائی جاتی ہی چمن مین غزل بلبل زار
کیا غزل ہی کہ دیکھی نہ سنی آج تلک — رنگ ہی رنگ ہی ہر شعر مین ہے وصف بہار
گوش گل جسکو سنین دیدہ نرگس دیکھین — ای ملیح سننے کے قابل ہین یہ رنگین اشعار

غزل

چمن دہر مین ہوتی ہی یہ تعظیم بہار — سرو قد سبکو اوٹھاتا ہی ہوئی گلزار
دامن یوسف ابر آج نہین بچنے کا — بیٹھے ہین دست زلیخا کی طرح دست چنار
آسمان ابر بنا باغ مین آنے کے لیے — سیر کرنیکو ہوے سارے ثوابت سیار
روی گلہای چمن سرخ ہین کیونکر مدام — نشہ زر سے ہی وہ نشا کہ نہین جسکا اوتار
کون ہی وہ کہ نہین محو تماشای چمن — سرو کیا بھول گئے اپنی ادا کی رفتار
ہی عجب طرح کی تاثیر ہوا مین بلبل — کسی معشوق کو عاشق سے نہین ہی انکار

غزل بلبل شیدا جو سنی ہی تو صحیح
باغ مین دیکھیے جا بیٹھے تماشے یہ بہار

بادۂ جام سخن سے ہوئین آنکھین گلنار — طبع رنگین کو ہوا گلشن مضمون درکار
سیر نواب کہا ایسا قصیدہ پڑھئے — جسکے ہر لفظ پہ قربان ہون گل لاکھ ہزار
موسی سر مین ہی یہ خوشبو کہ دماغ لیتے ہین — مشک کا خون کو پیتے ہین ہوا عطار
آج کس لطف سے دیکھی ہی سوار حضرت — روش باغ پہ جسطرح پھرے باد بہار
یہ ہوادار نہین تخت سلیمان کیسے — صبح ہی شہر سے جوا سی ہی اڑتی ہین کہار
کیا جھلکتی ہوئی رنگین ملی ہے ورنہ ہی — کرتیان پائی ہین بانات شفق کی گلنار
خوبصورت ہین یہ سب شکل پری چہرہ — پگڑیان شعلۂ خورشید ہین گیسو شب تار

جوڑی ہی ہر رنگ کی پہنے ہین معرق بیچے / ابر مین رنگ کہاتا ہی شفق کا جوبا
صاف بجلی سی چمکتی ہی بنت پا پچونکی / ہر دوپٹی کی کرن صاف ہی سورج کی کرن
طائفی ناچتی ہین چل رہی ہین وین کلا سر / ارغنی سیلا بجاتی ہین فرنگی ارگن
باغ نواب کا تاحشر ترو تازہ رہی / جہولین ہر سال سحر آکی منائین ساون
مجلس اقبال رہی صورت مضمون بلند / جب تلک دہر مین ہی تذکرہ شعر و سخن
مصرع قامت انسان ہی زمین پر جبتک / مطلع مہر ہی جبتک کہ فلک پر روشن

قصیدہ سوم

ایک عالم ہی ثنا خوان حسام الدولہ / آج کس پر نہین احسان حسام الدولہ
سجدہ اقوال کا پورا نہین ایسا کوئی / واہ کیا بات ہی قربان حسام الدولہ
بات جو منہ سی کہی ہوگئی پتہر کی لکیر / صادق الوعد غلامان حسام الدولہ
قبر مین روح ہلالی کی یہی کہتی ہے / سر مرقد ہی دیوان حسام الدولہ
اس مروت کا بہی انسان نہ دیکہا نہ سنا / ساری اوصاف ہین شایان حسام الدولہ
منزلت دی ہی خداوند جہان نے ایسی / ہی فلک زینہ ایوان حسام الدولہ
کیون نہ حصہ ہو مہلا خاصہ سلطانی مین / اک نہ اک روز ہی مہمان حسام الدولہ
سچ تو یہ ہی کہ یہ نیت کی ہی ساری برکت / ہوگا خالی نہ کبہی خوان حسام الدولہ
جسکا جو ظرف ہی ملتا ہی موافق اوسکی / غیب سی ہوتی ہین سامان حسام الدولہ
ہر مراد کا دل پیچ مین آجاتا ہی / زلف ہی سلسلہ جنبان حسام الدولہ
فیض و بخشش کا یہ پہل ہی کہ ثمر لاتی ہین / ہر رب سرو گلستان حسام الدولہ
واہ ری فہم و فراست کہ فلاطون حکیم / ایک ہی طفل دبستان حسام الدولہ
دبدبہ ایسا ہی آجائی جو دارا بالفرض / چوب ہے روکی دربان حسام الدولہ

کیسی مضمون بلند عرش کی تاری توڑیں
ہم وہ ہیں تابع فرمان حسام الدولہ

لکھنؤ کی شعرا میں سے یہ تیا ہی اپنا
وہ مسخر شدۂ احسان حسام الدولہ

قصیدہ چہارم

تمام ہند سے تھا جہاں لکھنؤ اپنا
ہمارا خسرو تمجاہ جہاں عالم تھا

جہاں سے تھا قالب بیجان کسی میں نہ جان
فراق موت سے بدتر ہی اوس مسیحا کا

اگر ہزار برس کرے گا فلک گردش
پھر اس صفات کا ہوگا نہ آدمی پیدا

یہ موزون سے طبیعت میں خاکساری تھی
وہ مہر تھا کہ در بوتراب کا ذرہ

مصاحبین تھے سب لکھنؤ کے چیدہ لوگ
ہر ایک شہرۂ آفاق و شاعر عزا

ہر ایک تھا بو الفضل و فیضی و عرفی
نہ ہوگا اکبر اول کا نورتنا ایسا

عجیب مجمع اہل کمال تھا افسوس
ہزار حیف وہ صحبت فلک نہ دیکھ سکا

نہ چوتھی کا کہیں جلسا نہ چھٹے کی صحبت
جہان میں شادی و غم دونوں کا مزا نہ رہا

نہ پانچوں وقت کی نوبت نہ وہ دیوان تھے
نہ توپ چلتی ہی اب ہی غضب کا سناٹا

جہان میں صاحب شہر کی ہی یہ بیداد
ٹکے ٹکے پہ بکیں اصفہانیاں کیا کیا

صفائی شہر کی ہی صاف صاف رہتی ہیں
کدورتوں کی ہیں یہ تیلی یہ سب کا ہی نقشا

یہ انتہا کی صفائی ہوتی ہی گلیوں کی
کہ لکھنؤ میں کسی کا قدم نہیں جمتا

بھٹکتے پھرتے ہیں گم کردہ راہ انگریز
وہی تھے ہم کہ خضر کو بتاتے تھے رستا

جنھوں نے راہ شریعت میں پاؤں رکھا تھا
لیا انھوں نے تو پہلے ہی کبھی کا رستا

مکان سیکڑوں سڑکوں کے کر دیے مسمار
تمام شہر کا کچھ اور ہو گیا نقشا

کسی کا کہہ گیا پشتہ کہیں گرا دیوار
چبوترا کہیں غائب کسی کا دروازا

جو کچھ خرید کو بازار تک گیا کوئی
دکان سے پھر کے جو آیا تو گھر نہ پہچانا

شکار صفت کا اب کھیلتے ہین ق انداز — کہ جنگل آہیون کا یہ شہر ہے گویا

یہ حکم ہے کہ نہ ہون چار آیکجا باہم — وہ دن گئی کہ شب و روز رہتا تہا جلیا

عجیب باغ تہا رشک بہشت پر بہر باغ — ہر اک درخت تہا میوہ کا نخیرت افزا

نہال قطرۂ شبنم کی موتیون سے سفید — عقیق سرخ کی گل تہی [illegible]

چمن لطیف لطیف اسکو نفیس نفیس — وہ شبنمی ٹھنڈی ہوا اور [illegible]

وہ لال لال گل سرخ و لالۂ حمرا — وہ زرد زرد زر گل ہرا ہرا سبزا

ہوا کی جہونکون مینا بی شبہہان آتی تہے — حقیقتاً دم عیسی تہی اوس مین کی ہوا

[illegible] داغ انجم سے پہونچتی تہی کرن — بہار گل مین جہان جا بجا کہیت کرتا تہا

انکا کی [illegible] سے [illegible] — چمن کی خاک سے ہوتا تہا موتیا پیدا

پڑا جب اونکی رخ صفا پہ غبار [illegible] — بنفشہ خط رخ خال سے ہوا پیدا

بہار نسترن [illegible] کی بہار مین [illegible] — شکار فاختہ کو جب وہ سرو قد آیا

چمن مین چہرونکی داغون سے [illegible] — ہوا ہی باغ لگے صاف ہوگیا سبزا

ہر ایک بات سے شاخین جہان نکلتی تہین — سہے قدونکا لب جو عجب نظیرا تہا

زبون باغ مین تہا اتنا کا زور [illegible] — گواہ رکہتا ہون مین شیخ وقت اسکا

کہ کر پڑی تہی چمن مین عشق کی تسبیح — تو دفعتہ شجری ہوگیا تہا سر دانا

صدای نغمہ سی گونجا ہوا تہا سارا باغ — ہر ایک شاخ سی آتی تہی بانسری کی صدا

غزل سرای بلبل صدای خندۂ گل — شکست توبہ زہاد و قلقل مینا

صدای ساز و نوای مغنی و مطرب — وہ کوک کوئلون کی بولنا پپیہون کا

عجیب رنگ کا میلا تہا واہ رے ایجاد — گلے مین کسکی نہ تہا گیروا تنا جوڑا

غرض فقیر سے تا بادشاہ سب یک رنگ — روش روش پہ نئی سج سے بن ٹہن چلتا

وہ کہر جہولون مین تحمل سنگیات کمر نہین
وہ جہکے رہس کے پریون کا تخت پر آنا

پکارتا تہا ہی رعد ساقیا بر خیز
بگیر جام کہ ابر بہار آ پہونچا

وہ رحیم تمام مین واعظ کی کون سنتا تہا
فقط یہان تو سہارا تہا اوسکی رحمت کا

سہارا بہی ساون کی کیا چہا تہا نگہ
غزل سحر کی یہ گاتی تہی جوش کہو گیا

غزل

غزل وہ پڑہتا ہون جسمین سے رنگ گل ٹپکا
چمن مین جسکی قدر دونکا مین رنگ بلبل کا

بہار آئی مبارک ہو جشن نوروز سے
پلا دے ساقی چہپا وہ جام کوثر کا

چمن مین بلبلیکے وصف بہار لکہتا ہون
قلم شراب کی ہو اور گلاب کا تختہ

شراب تلکے سبے بہار مین اکی
نجومی کہتے ہین میزان مین آفتاب آیا

شکار کہیلو یہ بطی کلنگ چلکے دریا پر
نکل چکا ہی فلک پر سحاب کا خیمہ

یہ سبزہ لب جو دیکہتا ہی کیا شاداب
کہ غوطہ دیکے نکالی خضر نے سبز عبا

ہوا گہٹا سی اندہیرا جو صحن گلشن مین
تو عندلیب نی باتون کا جہاڑ باندہ دیا

ہجوم گل مین یہ غنچے نہین جہلکتے ہین
چمن مین گل کا کٹورا سجا رہی ہی صبا

جہان بہار مین آنسو گرے تہی بلبل کے
اوسی زمین یہ سنتے ہین ہو نیا پہولا

چمن کے گرد ہون مہندی کی ٹٹیان طیار
گلون پہ ڈالتے ہی آنکہ نرگس شہلا

ہوئی کرالی زر گل یہ باغبانون مین
نیا شگوفہ سے لو اور تازہ گل پہولا

یہ باغ جسکا ہی الی شبہ جنتی وہ ہاسے
حدیث مین ہی کہ دنیا نمونہ عقبا

سحر وہ مرشد کامل ہو خود تو ستی بکرنگ
تمام شہر کو ہی اپنے رنگ پر کہینچا

عجب ہے یا تو وہ میلے تہے یا یہ ویرانا
مقام ہو کا ہی کوئی نظر نہین آتا

یہ شہر وہ تھا پرستان اسکو سب کہتے تھے
جو تھمر تھا وہ اکھاڑا تھا راجہ اندر کا

اوجاڑ اب یہ پرستان بی سلیمان ہے
کہین فراق مین پریون کی ہو نہ دل ویرا

خوشی ہو عید کی نکلے کہین وہ عیش کا چاند
دوبارہ روئی ہمایون کا پھیر سے جو بہلا

صدا وہ ڈفلی کی کانون سے پہنچین باتی
چلین سلامتی کی تہ مین خدا کرے والیا

سڑک پہ باڑ بہاری چمک کی پھر نکلے
شگفتہ غنچۂ دل ہون بہار نو پیدا

ہر ایک کوچے مین میلا اوسی طرح پھر ہو
خدا سے زور کسیکا نہین ہوا ہی بجا

مقام عجز ہی دم مارنے کی جا یہ نہین
جو کچھ فلک نے دکھایا وہ آنکھ نے دیکھا

خدا ہی جانے نظر کسکی لگ گئی ایسی
ہنسی بھی آتی تھی روتی جسقدر دیکھا

زمین پاؤن کے نیچے سے نکلی جاتی ہے
کہ شہر بند ہی ہی قدم نہین جمتا

رئیس شہر تو سب اپنی اپنی حال مین ہین
نہین ہے آج کوئی اپنا رونے والا

نہین تصور کسیکا بجز خوبی اعمال
مقام شکر ہے لازم نہین گلا شکوا

سمجھ وہ شعر یہ ہے دل و کھا دیا تمنے
اب آگے سننے کی طاقت نہین مری ہی خدا

کوئی قصیدہ رنگین پڑھو کہ جی سے پہلے
وہ نذر دو لیے جسکا ہو مرتبہ اعلا

وہ کون ہی کہ جناب منور الدولہ
وزیر ایسا نہ آگے ہوا نہ اب ہوگا

برب کعبہ خوش آمدیے من نہین کہتا
زمانیکا ہی یہی قول ایک جھپر کیا

امیر وابن امیر و وزیر ابن وزیر
محب شیعہ وزوار سید الشہدا

صفائی قلب سے یکسان ہی ظاہر و باطن
غبار فرنگ سے ہی پاک آئینہ دل کا

جمال مہر کا مریخ کا جلال ملا
کمال ماہ کا پایا تو عرش کا رتبا

زیادہ کیجیے تعریف جسقدر کم ہے
کہ ایک ذات مین لاکھون صفات ہین پیدا

ممدوح میرا سا تجھے ملیگا کہاں | اسکے صلے میں خلعت شاہی کا ہی گمان
خوش ہون گے شعر سنکے بہت بادشاہ بھی | جنت مکان کی طرح سے قرآن میان
نواب نامدار ہو دنیا کے میں ہون | جی چاہتا ہے جیسا اوسے کیا کرین بیان
اللہ جانتا ہے تمنا دلی جو ہے | کہنا نہ چاہیے اوسے لوگون کے درمیان
سارا قصیدہ ہی نئی انداز میں تمام | عرضی کی احتیاج نہیں بہر نکتہ دان
سو سو تکلفات ہیں ایک ایک شعر میں | ترکیب لفظ و معنی و رنگینی بیان
فردوسی زبان ہو حقیقت میں ای سحر | دہلی وہلائی کو شرف جسکے ہی زبان
موقوف اسکا لطف ہے اپنی زبان پر | تصنیف را مصنف نیکو کند بیان

قصیدہ سوم

ہون وہ شاعر کہ سخن میرا ہے گویا سحر | شعر میں مطلع خورشید تخلص ہی سحر
آسمان ہیں مری غزلون کے زمین ساری | عرش ہے مطلع معلی و مضمون اختر
طایر قدس ہیں مرغان سخن ان کے اسیر | دیکھکر ہوتی ہی حیران یہان عقل بشر
نور الفاظ سے ہے خط شعاعی تحریر | دایرے ہالہ مہتاب ہیں نقطے ہیں قمر
دونون عالم کے ہیں مشہور مرے غزلون میں | جلد دیوان کی ہے دفتر کونین مگر
ہیں سے شعرون کو جو دیکھ نہیں سکتے ہیں | مطلع مہر ہیں کب ان پہ ٹھہرتی ہی نظر
ابر نیسان ہی وہ دوان دربار طبیعت اپنی | قافیے ہوتے ہیں رعد کے مانند اگر
میرا اوستاد ہے مشہور خدا ہی یعنی | شاعری میں مجھے کہتے ہیں سب پیغمبر
میرا منکر ہے حقیقت میں خدا کا منکر | اور منکر ہے جو اللہ کا وہ ہے کافر
شعر ہوتی نہیں اعجاز ہو اگر تی ہی | جتنے منکر ہیں وہ کہتے ہیں کہ ساحر ہے سحر
توسن فکر ہی گویا کہ براق جنت | شب گیسوی سخن ہی شب معراج اگر

آدمی کیا فقط اپنا کلمہ پڑھتے ہیں ۔ ہو جو اعجاز سخن ہاتھ میں لوہیں پتھر

شورشے کو بیان سرور رواں آتی ہیں ۔ ایک اعجاز مرا یہ ہے کہ چلتے ہیں شجر

اپنے قبضہ میں ہے ہر بحر و زمین اشعار ۔ ہوں سکندر کی طرح بادشہ بحر و بر

ماہی مرا سجت رواں طبع رواں نیا ہیں ۔ شہپر طائر مضمون سے ملے ہیں چنور

زادۂ طبع کی کثرت سے ہے لشکر طیار ۔ نام کہتے ہیں جسے ہے وہ نشان لشکر

ساتھ ہیں پانچ وزیر اپنی حواس خمسہ ۔ ایسے ہی نظم و نسق ملک سخن میں اکثر

دولت علم کا رکھتا ہوں خزانہ بے مثل ۔ زر دنیا نہیں کچھ مال مرے پیش نظر

شاہ اقلیم قناعت ہوں فقیر ایسا ہوں ۔ بوریا تخت ہے کمبل کی ہے ٹوپی افسر

خوب اس تاج سے دنیا میں کوئی تاج مشہور ۔ تخت دارا ہوں سے کوئی خبر نہیں ہے

قصیدہ دہم شہر آشوب

گردش چرخ سے ابتر ہے زمانہ کا حال ۔ ذرہ خاک میں پستی سے ہجوم اقبال

ہیں ستارہ کی طرح اہل قلم چکر میں ۔ صورت بدر ہیں گردش میں تمام اہل کمال

شاعری نایاب ہے گانا ہے جہاں میں عنقا ۔ ناچنا جانا لقوں کا صورت زہرہ ہے محال

نیستی سہل ہے اب شہر میں کنگلوں کی طرح ۔ لوگ واقف نہیں سینے سے بجز حرف سوال

دینے والا نہیں ملتا ہے کوئی زندوں کو ۔ جمع ہیں قہر بہ جانم سے کہ نہ زادوں کنگال

ستھن کا نیچ بکی ہے پیسے کی جوتی ۔ لوگ سب بھول گئے سبز تھی کہ تھا یا لال

لال کہتا ہے کوئی کوئی بتاتا ہے سبز ۔ رات دن رہتی ہی آپس میں ہی قیل و قال

شہ کئیں بیدہ سے پیسے دیکھنے کو جاتے ہیں ۔ پھر کے میں پوچھتے پھرتے ہیں کہاں ہے ٹکسال

ہیں جو کچھ اہل ہنر ان کو بھی رہتی ہے فکر ۔ ہاتھ آتا ہی کسی طرح سے قارون کا مال

کھو دی مرتا ہے ہوا ان سے تو خوش ہوتی ہیں سب ۔ انفس یہ کہتے ہیں مفلس ہیں کے تمام اہل عیال

اندر و رقت نقشہ جو ہی دیکھو تکھو
ہی یہ اوڑا سا دل تنک کی تنگی کا کمال

نام کیا لون مین انہین ہین کوئی جانا
بندہ تھا اونکے ملاقات کا مشتاق کمال

لے گیا اونکے لئے ایک قصیدہ کہکر
ڈیوڑہی پر جا کے کیا آگی جو بیٹہنے کا خیال

چوبدار نے کہا دیکہہ کے میری صورت
آپ کہیون اوپر چڑہکے آئی ہین یہ شالا رومال

کیا کہین آپکے گہر مین نہین کہنے کی جگہ
یہ بڑا موذی ہے قبلہ یہ بڑا ہے چنڈال

کپڑے کیسے کہ کفن تک نہین بچتی ہے اس سے
تم تو زندہ ہو یہ لی لیتا ہی مردو کا مال

ڈرتا ڈرتا ہوا اندر تو گیا مین لیکن
پھر سے پر تک کے گیا اپنا وہ شالا رومال

دیکھتا کیا ہون کہ بیٹھے ہوئے ہین حضور
جیسے دوکان مین بیٹھے کوئی بنیا بقال

بیٹھنے جاتے ہی کہا قبلہ و کعبہ میرا
آپ کہنے لگے اچھا ہی طبیعت کا حال

مجھکو نفرت ہوئی سمجھا مین برا آلو ہی
کہہ کچا ایکا جواب اور کہا میں ملول

جانے کی شرم سے بیٹھے وہ قصیدہ تو پڑہا
کیا کہون مین کہ جو کچھ مجھکو ہوا رنج و ملال

سن چکے سارا قصیدہ تو یہ ارشاد کیا
آپ نے خوب پڑہا حضرت کا احوال

لی تیہر ینکا امیرون کے تو یہ حال ہے
کیا لئے اور کہان جائین بھلا اہل کمال

جلتے ہے دم مین یہ ہمدم ہین تکلف دیکھو
پشم سب جنکو سمجھتے ہین وہ ہین کل کے کمال

رات دن جوڑے اوچھلتی ہی عجب صحبت ہے
ڈہول دہپے کے سوا اور نہین کچھ اشغال

ٹما ٹما سے رہا کرتی ہی صحبت ہر دم
ہر چلے چھلے تو مصاحب ہین کہا اہل کمال

اشعار

چودہوین تاریخ ہی پر نور ہے باغ جہان
کیا چمن ہم گہرے ہین اہل دل

کوٹھیون پر نور ہے دیوار و در پر نور ہے
جس روش کو دیکھئے بیٹھے نظر آتی ہی

مورچھے کے پہول تارے ہی شگفتہ ہین نور سے
چاندنی پہولی ہوئی ہے ہر چمن

پاؤن تری جناب سے آنکھونکا نور مین
دیکھون امام مہدی دین کا ظہور مین

تجھکو قسم ہے اپنے ہی جاہ و جلال کے ۔ تجھکو قسم نبی فرشتہ خصال کی
تجھکو قسم ہے اپنے پیمبر کے آل کی ۔ دیوار ہو گیا ہون مین گرد ملال سے

پاؤن تری جناب سے آنکھونکا نور مین
دیکھون امام مہدی دین کا ظہور مین

تحریر ہو سکے نہ کسی سے نصیب کی ۔ صورت بھی اب نظر نہین آتی قریب کی
حیران ہیان ہے عقل کمال و طبیب کی ۔ کھلتی ہین آنکھین جس سے کسی عندلیب کی [?]

پاؤن تری جناب سے آنکھونکا نور مین
دیکھون امام مہدی دین کا ظہور مین

اپنے حبیب کے گل رخسار کی قسم ۔ یارب اویسی کی نرگس بیمار کی قسم
یعقوب کے بھی دیدۂ خونبار کی قسم ۔ ایوب کے بھی صبر دل زار کی قسم

پاؤن تری جناب سے آنکھونکا نور مین
دیکھون امام مہدی دین کا ظہور مین

از بسکہ اس مرض سے ہین تنہا ہون اب ملول [?] ۔ حد سے زیادہ کھینچا ہی اب اس مرض نے طول
یارب بپے نبیؐ و بپے نائب رسولؐ ۔ اپنے کرم سے جلد دعا کر مری قبول

پاؤن تری جناب سے آنکھونکا نور مین
دیکھون امام مہدی دین کا ظہور مین

تمت

مثنوی سحر

بسم اللہ الرحمن الرحیم

پلا مجھکو ساقی کوثر شراب
شراباً طہوراً مطہر شراب

شراب بہشتی سی بھردی گلاس
پلا ساقی حور پیکر شراب

زمرد کی بوتل ہو ہیرے کا کاگ
معطر ہے یاقوت احمر شراب

گلاس ایک موتی کا بھر کر دے
صفائی مین ہو آب گوہر شراب

گمان خندۂ گل کا قلقل پہ ہو
کری مغز جان کو معطر شراب

کدورت ہے دل صاف کردے اسے
پلادے مصفا مطہر شراب

پھرون مست ہو کر دم پنج تن
پیون ایکدم پانچ کنٹر شراب

ضرور اپنی ساقی سی مانگین گے ہم
چلے کی لب حوض کوثر شراب

کرو وصف باران رحمت سحر
پیے خوب صد شکر پیکر شراب

گلستان پہ عالم ہی کیا آج کل
رہی ہمت باغبان ازل

نگاہون مین سارا جہان سبز ہے
زمین سبزہ ہے آسمان سبز ہے

چمن مین ہی ہر اوسکی قدرت کا ہی
کہ ہر گل الگ اپنی صورت کا ہے

وہ گل مین ہی بو آپ ہی رنگ مین
وہ گویا ہی بلبل کی آہنگ مین

وہی ورد قمری کی کوکو ہے
وہی حسن سرو لب جو سے ہے

کہین شور شیشے کی قلقل کا ہے
چمن مین کہین نغمہ بلبل کا ہے

عجب سیر ہے قابل دید ہے
یہ نشو و نما اوسکی تائید سے ہے

کیا چاند نے کہیت زیر فلک
کہو کا ہوا شہرہ گردون تلک

ہوا اندنو نکے یہ مرطوب ہے
کرن مہر کی پستی دوب ہے

فلک پر اگر ہو پہنچے خاک چمن
ستارون سی پہولی رہ پہلی کرن

یہ رحمت کی اوس ذات مین ہین صفات
فلک سے برستا ہے آب حیات

دم عیسوی ہے چمن کے ہوا
کہ جان آئے جب کوئی جہونکا چلا

یہ کچھ ابر کرم سے تعجب نہین
اگر من برسنے لگے ہر کہین

یہ شمہ اوسی کی عنایت کا ہے
زمین پر نزول ابر رحمت کا ہے

کئی ابر کے ٹکڑے آئے ہین کیا
یہ بادل ہی اوسنے بنائے ہین کیا

فلک پر کہین صورت ابرو کی ہے
کہین صاف تصویر گیسو کی ہے

کہین نقشہ خال رخسار ہے
کشیدہ کہین قامت یار ہے

کہین راشہ لیلی کی تصویر ہے
کہین پائی مجنون کی زنجیر ہے

گھٹا پر ہے عالم عجب نور کا
اوٹھا ہے دہوان آتش طور کا

گھٹا ہی کہ زہرہ نے کھولے ہین بال
دہنک ہی کہ موباف ہی لال لال

سیہ ابر سفر ہی ایسا اوٹھا
ہین سمجھا کہ کعبے کا پردا اوٹھا

جھکی آکے ساقی کے سر پر گھٹا
ہی ابرو زلف معنبر گھٹا

گھٹا کالی کالی دہنک لال لال
کنہیا کے ابرو پہ جیسے گلال

گھٹا اور بجلی پہ ہے آج چوٹ
ہی آئی دوپٹے مین بجلی کی گوٹ

فلک پر نہین پارہ ہای سحاب ۔ یہ ہین نافۂ آہوے آفتاب

گھٹا ہین سیاہی یہ ہوتی ہی کب ۔ پریشان ہوئی ہے مگر زلف شب

بہار است بی می حرام ست زیستن ۔ برا حوال زہد او باید گریست

انہین لطف گلگشت اصلا نہین ۔ کبھی رقص طاؤس دیکھا نہین

کتابون مین مذکور اسکا کہان ۔ بہشت سخن کا سنو اب بیان

عجب باغ سلطان عالم کا ہے ۔ وہ موتی ہی جو قطرہ شبنم کا ہے

فلک تاک ہے باغ پر نور کا ۔ یہ پروین ہی خوشہ ہی انگور کا

فلک پر فقط ایک ہی کہکشان ۔ بہت ایسی ایسی ہین طرفہ خیابان

نہال تمنا ہین اسکے درخت ۔ اوترتی ہین کرون سے پریونکی تخت

عجب برج ہین منظر شاہ مین ۔ اوترتی ہی زہرہ شب ماہ مین

عجب فیض حضرت کی تاثیر کے ۔ کہ ہر پتی بوٹی ہے اکسیر کے

درختون مین ہین حسن و انداز کیا ۔ اکڑنے مین طاؤس طناز کیا

فزون تیر سے کوک کوبل کی ہے ۔ نہ پوچھو جو حالت مری دل کی ہے

پپیہے بھی کہتے خوش آواز ہین ۔ یہ رنگین فقرے خداساز ہین

ہی نو بوٹے لیتی ہے باد صبا ۔ شگوفون مین ہی گھونگھرونکی صدا

بجانے مین کیا تالیان برگ گل ۔ سنائے نہ دیتا جہین بلبل کا غل

ملائم یہ پتے کہ موہی درخت ۔ یہ چمن راجہ اندر کی سورگ کا تخت

مبارک ہو رندو پھر آئی بہار ۔ پھران روزون جوبن پہ ہی سبزہ زار

ہوئی کشت امید سرسبز پھر ۔ نوینون سے ہین ان کے نئی منتظر

برابر شب و روز کا ہے حساب ۔ کہ اب برج میزان مین ہی آفتاب

نہ گرمی نہ سردی عجب فصل ہے | کہ ہر وقت کیفیت وصل ہے
بہار آئی پھر گل ہوئے باغ باغ | چلے غول کے غول پھر عیش باغ
قرابین باتون پہ چلنے لگے | بھوون پر سروہی نکلنے لگے
مژہ کے اشارے غضب کر گئے | چھری مارکے لوگ مر مر گئے
مراد دشت وحشت مرا عیش باغ | اسی باغ کے پھول ہین دلکی داغ
عجب ایک دشت جنون خیز ہے | ہوا ہے جو فتنہ انگیز ہے
اسی باغ کی مہندی لائی ہی رنگ | یہین آنکر لڑتے ہین خانہ جنگ
اسی باغ مین نرگس یار ہے | اسی کی ہوا آہ بیمار ہے
اسی باغ کی ہی گھٹا دود آہ | اسی مین چمکتی ہے برق نگاہ
اسی باغ کا حوض ہے چشم تر | اسی کے ہین گلبرگ لخت جگر
فقط ڈوب مرنے کو ہے موتی جھیل | جو کودا وہ پونہچا سر سلسبیل
پڑا ارون پہ ہے عالم بیستون | یہ سرخی ہے فرہاد کی جوی خون
دل داغدار اسکا طاؤس ہے | اسی کی زمین جائے افسوس ہے
نہ مجنون نہ فرہاد تقریر ہین | اسی باغ کی دونون تصویر ہین
عجب تختہ پیچ بے نظیر | خضر بیٹھے جمنا پہ ہو کر فقیر
جھکے شاخ جو طوق گردن ہوے | بہار جہان آکے جوگن ہوے
عجب کیا جو زہرہ ملائے بہار | تعجب نہین رعد چھیڑے ملار
پلا ایسے موسم مین ساقی شراب | ساقی آ چلے آج کل کی بھی باقی شراب
مہینا ہے ساون کا برسات ہے | جھڑی مینہ کی اندرون دن رات ہے
حقیقت مین جوبن پہ ہے عیش باغ | گھٹا اسکے موقع سے لالی کا داغ

مہیا ہین سامان عیش و طرب
عجب اپنی صحبت ہی نکھری ہوئی
سجھایا ہے اچھا صحبت کا حال
جدھر دیکھیے عالم آب ہے
طبیعت کو ہے آج کل ولولہ
یہ موقع نہین چپکے بیٹھنے کا ہی
بہار ہے اشعار رنگین کہون
کہ حضرت ہین خود شاعر بے نظیر
پسند آئینگے گو کہ قابل نہین
حقیقت مین ہین یہ سحر افسون بیان
عجب روزمرہ ہی ہر دل پسند
نیا شعر کہنے کا انداز ہے
نرالی ہی طرز بیان سخن
کرورون کہے شعر موزون ہے
تسلسل ہے گینہ کا تقریر مین
طبیعت کا سب سی نیا رنگ ہے
رجع ہے واللہ سارا کلام
سخن گو سخن فہم مردم شناس
یہ فیض طبیعت خداداد ہے
احبا ہی پوسے کہ مضمر خدا

کچھ احباب ہین منتخب منتخب
بلا زلف ساقی ہے بکھری ہوئی
یہ ہے کوئی محفل ہے یہ کیا مجال
خدا جانے سچ ہے کہ یہ خواب ہے
ضروری ہے کچھ شعر کا مشغلہ
یہی وقت تو شعر کہنے کا ہی
وہی نذر سلطان عالم کو دون
پسند آئے شاید یہ نظم فقیر
کہ حضرت کا کوئی مقابل نہین
یہ کوثر کی دہوئی ہوئی ہی زبان
مضامین عالی ہین شوکت پسند
کرامت ہے افسون ہے اعجاز ہے
غزل روح کی شعر جان سخن
نکالے ہزارون ہین مضمون نئے
یہان بیٹھتے مین دو آتشہ ہین
گل اندام مہکتے ہین کیا رنگ ہے
سنا ہے کلام بلاغت نظام
یہی آدمی ہو جو آپ کے پاس
زمین شعر کی اختر آباد ہے
مگر نظم سب حال گذرا ہوا

یہ جلسہ بھی ہے آج کا یادگار ۔ کہاں تم کہاں ہم کہاں یہ بہار
غنیمت شمر صحبت دوستان ۔ کہ گل پنج روز است در بوستان
مصر ہوئے احباب بھی کہا ۔ طبیعت کو بھی شوق پیدا ہوا
ہوا قلزم فکر مین غوطہ زن ۔ نکالے اوسی وقت دُرِّ سخن
کہے شعر حضرت کے اقبال سے ۔ یہان تک نہ چھوٹا مری چال سے
مرا رتبہ خسرو سے کیا کم ہوا ۔ کہ مداح سلطان عالم ہوا
اثر یہ فقط فیض حضرت کا ہے ۔ کہ جو شعر ہے وہ قیامت کا ہے
نہ قصہ ہے کوئی نہ کچھ داستان ۔ تراشی ہی کیا لکھنو کی زبان
فقط روزمرہ ہے مضمون نہین ۔ کہ معلوم ہوتا ہے موزون نہین
سناتے جسے اوسکو یہ ہوکا ہوا ۔ کوئی باتین کرتا ہے بیٹھا ہوا
نہ باقی رہی مثنوی کی ہوس ۔ زیادہ تکلف تکلف ہے بس
وہ فقرے ہین جو دل کو مرغوب ہین ۔ اشارے کنائے بہت خوب ہین
رہ عشق کی ہین یہ چالین نئے ۔ نئی بندشین ہین مثالین نئے
یہ اونچی ہی چھیٹے ہین اوستاد کے ۔ وضو ڈھیلے ہوتے ہین زہاد کے
اور کہہ جائین کہنو وہ یہ ہین وہ جوڑ ۔ فلاطون یہ چلجائے سوچے نہ توڑ
یہ وہ ذوق ہی سب قاصر ہین وہم گھٹین ۔ مسیحا بھی دیکھے تو نبضین چھٹین
خضر راہ بھولے ہین اس راہ مین ۔ گرے ہین بہت یوسف اس چاہ مین
وہ دریا ہے یہ ڈوبے مرتے ہین لوگ ۔ یہان سوکھے کہاتون اوترتے ہین لوگ
وہ طوفان ہی عزت ڈبوتا ہے عشق ۔ خدا کا غضب ہو تو ہوتا ہے عشق
عجب نسخہ ہی طرفہ معجون ہے ۔ نیا شعر ہے تازہ مضمون ہے

اسی شیشے مین وہ پری بند ہے ‏ خراج اودہ جسکا اسپند ہے

یہ عاشق کو دیتا ہے پھر سے مزے ‏ یہ سلواتا ہے روز مرے سنے

نہین رہتی اس عشق مین آبرو ‏ یہ سنئے پریزادون کی گفتگو

یہان جان شیرین بہی پھونکی جاٹ ‏ یہان ساہ جی کا اولٹتا ہی ناٹ

بہلا آدمی کی تو کیا اصل ہے ‏ پریزادون کو خواہش وصل ہے

مزے قہقہون پر نہ جانا کہین ‏ ہنسانا کہین ہے رولانا کہین

یہان کوئی جہانسون مین آتا نہین ‏ کوئی ایسون کو منہ لگاتا نہین

کہین اور ہے یہ زمین گر میان ‏ ابی چاندنی سے کے حوالے روان

پٹکے قاقون مین سیکھے ہو پیچ کھو ‏ ذرا پیچ کو بند رکھا کرو

کہین منہ کی کہلوائیگی یہ زبان ‏ کہین جان کا کہنا کہوینگے جان

کہین لالی پڑ جائینگے جان کے ‏ کہان جان ہے جان پہچان کے

کسی اور ہی سے رہی یہ حکت ‏ کہین اور ہی جہانٹئیے یہ لعنت

مرا مغز یک بابا کی کیون کہا گئے ‏ یہان میر ملتے کہان آگئے

غرض عشق مین ہین یہ رسوائیان ‏ زمین سخت ہی دور ہے آسمان

خدا جانے کس دل کا ایجاد ہے ‏ فلک پہٹ پڑے ایسی افتاد ہے

یہ شہر محبت کا بازار ہے ‏ یہان جو ہے جسکا خریدار ہے

یہان سکہ داغ کا ہے چلن ‏ یہان بکتے ہین کربلا کے کفن

اسی چوک کا ہے وہ کمرا بنیا ‏ کہ بنتا ہی عشاق کا مقبرا

اسی کی دوکانون مین بکتا ہی زہر ‏ یہان سکے دلال ڈہانتے مین قہر

یہان بہنتے مین مرغ دلکی کباب ‏ یہان ڈہلتی ہے خون سر کی شراب

بڑے بانکے مضبوط و لڑکے کرے
غرض ایک سے ایک ساری چھوٹی بڑے

مروت کے پتلے محبت کے لوگ
حقیقت میں قابل زیارت کے لوگ

نفیس ان کی پوشاک صورت نفیس
طبیعت نفیس اور صحبت نفیس

نیا روزمرہ نئی گفتگو
ہمیشہ نئی بات کی جستجو

جسے دیکھو بشاش بشاش ہے
غرض یہ کہ ہر ایک خوش باش ہے

جہاں تک ہے موزوں کا ہے مبتلا
نہیں فکر شعر و سخن کے سوا

نہ عقبیٰ کا کچھ غم نہ فکر معاش
شب و روز مضمون نو کی تلاش

زمانے پہ شاعر جگت رنگ ہے
چھایا ہوا یار من کا رنگ ہے

نئی محفلیں روز جلسے نئے
اوٹھے لطف ہر ہر غزل سے نئے

جلاتے ہیں پرچہ لکھوا سو جتنا
کہیں گنجفے میں نقشہ سو جتنا

کوئی سوز پڑھ کر رولا دیتا ہے
کوئی منہ بنا کر ہنسا دیتا ہے

حقیقت میں یہ ایک پیدا کہاں
نئی روز قصے نئے کہانیاں

جھلکتا نہیں رنج آنسو کے ساتھ
کبھی خیر مقدم نہ دیکھا اور اس ساتھ

یہ سب یوں تو ہر فن کے شائق ہیں
غرضے و صاف عشق میں طاق ہیں

اسی شہر میں ہے وہ لوہے کا پل
کہوں سایہ شہپر عقل کل

نہ رہتی کبھی گومتی جوش میں
نہ چھٹے اگر پل کے آغوش میں

وروں پہ ہی عکس شفق کی چمک
کمانی ہے ہر ایک قوس فلک

کہوں گومتی کو جو دریا ہے
تو ہی تیغ ابرو پل آ ہے

نہاتے ہیں جب گھاٹ پر آشنا
ہم گھنٹے میں دیکھتا دیکھنا

چل آتی ہے کیا آج رو پیہ
سمندر کا گھڑیال کھاتا ہی دہو

نہا کر بنے تشلیعہ پاک صاف
ہوئی باقی ہفت سالہ سحاف

خطاب ایک فوراً عنایت ہوا
پھر اگلی ملازمت کا خلعت ہوا

سنا ہے یہ پرہیزگار یکا حال
پاین سلطنت فکر اکل حلال

یہاں تک تو تھا خوف روز حساب
کہ جاے کا تھا خرچ مہر خضاب

خدا بخشے جنت مکان کو سحر
ملین باغ جنت مین قصر گہر

کیا یاد مجھکو قصیدہ سنا
وہ تھا پانچ سو شعر سے بھی سوا

زبان مبارک سے تعریف کی
کہا بس یہ خوبی ہے تصنیف کی

مین ہر بار تسلیم کو خم ہوا
کھلا غنچۂ دل یہ عالم ہوا

بڑی دیر تک یہ عنایت رہے
ان آنکھون کو حاصل نہ یارتا رہے

بجا لایا آداب رخصت ہوا
مجھے سرفرازی کا خلعت ہوا

غزل روز اوس دن سے جانی لگی
نئی روز فرمایش آنے لگے

جب آتا تھا محفل مین بیت السرور
غزل گائی جاتی تھی اپنے حضور

عنایت کبھی گانیونکو ہوے
کبھی وہ غزل باجے والونکو دی

رہا سال دو سال یہ اتفاق
دکھایا مقدر نے آخر فراق

نہ کام آئے افسوس جان سحر
گئے خلد کو قدردان سحر

ہوا جب سے جنت مکانکا وصال
طبیعت کو رہتی ہے حسرت کمال

نہین پوچھتا کوئی رشک قمر
کہ تم کون ہو شام ہو یا سحر

نجات ایکدن آخر اس غم سے ہے
ابا امید سلطان عالم سے ہے

دعا ہے کہ جب تک یہ عالم ہے
یہی دور سلطان عالم رہے

رہے دورۂ شاہ عالی مقام
نہ ہو جب تلک دور گردون تمام

درخشاں رہے آفتاب ارم ÷ کریں عید نوروز ہر روز ہم

ہمیشہ ترے اقبال ہو نیا ملک قبضے میں ہر سال ہو

سلامت رہے شاہ بیدار بخت حقیقت میں ہی رونق تاج و تخت

زیارت کدورت کو کرتی ہی صاف مرا عرض کرنا نہیں ہے خلاف

قسم کھائے ایسے اقبال کے سواری پیادوں کی ہے پالکے

تفرح ہے عدالت کا سارا جہان مٹا ہی دیا نام نوشیروان

خوش آمدسی یہ عرض کرتا نہیں سکندر کو دارا کو رتبا نہیں

یہ سیرت یہ صورت یہ محفل کہاں خزانہ ہوا ہی تو یہ دل کہاں

عجب طرح کے ولولے دل میں ہیں کہ جب دیکھیے عشق منزل میں ہیں

پریزادوں کے دل ہی قابو میں ہیں نئے پیچ حضرت کے گیسو میں ہیں

ہویدا ہی چشم و ابرو سے ہے کہ وہ حدہ الگ ہر پری رو سے ہے

کہوں زلف مشکیں کو شام اودھ تسلسل سے ہے انتظام اودھ

خمن کوئی حلقہ ہی کوئی مشار ہوا لکھنؤ کی ہے اب مشکبار

پھنسیں جس میں پریاں وہ پھندا ہی زلف گریبان قیصر کا قبضا ہے زلف

فدا جام جم چشم پر نور پر کہ سب حال عالم ہے پیش نظر

یہ چشم مروت تو دیکھی نہیں کہ آنکھ آگے مجرم کے اٹھتی نہیں

انھیں آنکھوں پر پردہ داری ہی ختم گھرانی یہ سب ضد اری ہی ختم

قیامت ہی یا نخل قامت نے کی گلستاں میں طرفہ حکایت سنی

صنوبر پہ سایہ جو کل پڑ گیا زمین میں خجالت سے گڑ گیا

بدل ہیں جو حضرت غلام علی وظیفہ ہے دن رات نام علی

زبان مبارک سے پڑھی یہ سخن ۔ دم عیسوی ہے دم پنج تن

ادا اول سے کرتے ہیں فرض خدا ۔ کہ ہوتی نہیں پنجگانہ قضا

خواصوں کو یہ حکم حضرت کا ہے ۔ کہ وقت سحر وقت عزلت کا ہے

اگر استراحت میں پاؤ مجھے ۔ تو پانی چھڑک کر جگا دو مجھے

اوسی طرح بھی سمجھتے ہو ثبات ۔ اسی طرح پاتے ہیں جشن فیض کا

ہزاروں ہیں اہل حقیقت کا ساتھ ۔ نہیں دخل ہے مدعی سا بیاب

زمانے کی دولت خزانے میں ہے ۔ لٹانے کا شہرہ زمانے میں ہے

خوش اخلاق و خوش طبع خوش اتفاق ۔ سنا جسکو مومن کیا اتحاد

رفیقوں کو بے انتہا زر دیا ۔ امیر کبیر آن میں کر دیا

کیا خاک سے پاک ایک ایک کو ۔ عنایت کی املاک ایک ایک کو

خطاب ایسے ایسے دیے جابجا ۔ کہ گمنام بھی ہو گئے نامور

عنایت وہ کیں نور کی دو کمان ۔ نہ پہونچے سلیمان کا تخت رواں

دیے سب کو چاندی کے وہ نشان ۔ ہوئی جنسے دوتی سواری کی شان

تکلف یہ اس سن میں پیدا کیا ۔ کہ ہر فن میں ایجاد اپنا کیا

یہ عالم جو پریوں کے عالم کا ہے ۔ سب ایجاد سلطان عالم کا ہے

مکان ایسے ایسے بنائے کہ واہ ۔ پھسلتی ہے دیوار و در پر نگاہ

مکانوں کے برجوں پہ کیا نور ہے ۔ جدھر دیکھئے جلوۂ طور ہے

جھلک ہے سوا آتش طور سے ۔ غش آجائے موسی کو بھی دور سے

جلوخانے میں دخل ممکن نہیں ۔ کہ رفعت میں گردوں بھی اسکے زمیں

یہاں بارہ برجوں کی ہے قید کیا ۔ عجب قبہ نور میں جابجا

سواری کا بادِ بہاری ہے نام
گذرتے ہیں جلوخانے میں صبح و شام

ختن کے ہرن دلکشا ہیں جو آئیں
سڑک دیکھکر چوکڑی بھول جائیں

چکارے ہیں ریشے کے اوڑتے ہوے
یہ حضرت کی آنکھیں ہیں دیکھتے ہوے

عجب لوگ بادِ بہاری کے ہیں
یہ گلدستے سب ایک کیاری کے ہیں

ملازم نئے ڈھونڈے جاتے ہیں لوگ
کہ رستوں سے چن چن کے آتے ہیں لوگ

کبھی سو جو بانکا اکھٹا ہوا
وہ طیار تب اک رسالا ہوا

قواعد نئے اور بولی الگ
جبھی آپ جانو ٹلے ٹولے الگ

عجب کام کرتے ہیں پھرتی کے ساتھ
قواعد میں رہتا ہیں گورنگے ہاتھ

قواعد میں ایجاد کیا کیا کیے
بڑے صاحب آ آ کے دیکھا کیے

سواروں کی کرچیں چمکتی ہوئی ÷
پڑی آنکھ جنھپر جھپکتی ہوئی ÷

طپنچے قبوروں میں تصویر کے
کریں ٹوٹ پلے پہ سد تیر کے

رسالی ہیں دریا تو کیجیں ہیں موج
کنارہ کری کیوں نہ دشمن کی فوج

سواروں میں ہیں ایسے ایسے نہنگ
نکالیں دشمن کو شہکام تنگ

سواروں کے ہر سو پرے کے پرے
وہ گھوڑے کہ انسان دیکھا کرے

قدم باز شایستہ و خوش خرام
اشارہ ہی کافی جو توڑے لگام

وہ نقرئی ہیں لکھی جنکا لقب
بیاں کیا کہ ایران میں منتخب

اگر معرکے میں ہو سر چپی کا کام
یہ تازی کریں دم میں تکلی تمام

رسالوں کی ڈنکو نکے ہی یہ صدا
طفیل سوار براق اے خدا

سواروں کی جاری یہ پھرتی رہی
حرم کی سلامیں اور تختے رہے

سلامت رہے بادشاہ جرسے
ظفریاب ہو یہ سپاہ جرسے

پہر سے سپاہ تبلا کے جو ناز سے — چلی راگنی پردۂ ساز سے

جہان تان توڑی ستم ہو گیا — وہ سم حق مین شور بیکے سم ہو گیا

وہ گھنگرو یہ کہتے تھے ہر گام پر — نہ موقوف ہو ناچ آٹھون پہر

کسین رقص مین پاؤن تھمنے نہ پائے — جہاں راگ کا رنگ جمنے نہ پائے

وہ اک سار ایک سے بڑھ بڑھ کے توڑا لیا — کہ انعام توڑے پہ توڑا لیا

کوئی پہنے تھے سر پہ پیشوانہ — پڑے ہاتھ جبکے دامن پہ سبزہ نمانہ

عروس چمن صدقے تھے لباس پر — کئے صاف سب ہاتھ ہر گاس پر

وہ چٹکی بجاتے کہ دل لگیا — طبیعت دبا لو یہ ہے چل گیا

جواہر کے ٹکڑے تھے چونکے بول — کہ ہیرا لئے بیٹھے تھے تان تول

سمنی جو گیا راگنے سب نظیر — کیا جسنے نجم النسا کو فقیر

سناتے تھے دہرا کوئی بر محل — کوئی گاتی تھی یہ سحر کی غزل

غزل

مبارک ہو کیا جشن شاہانہ ہے — فرح بخش کوٹھی پری خانہ ہے

ہے دورۂ جام چشم پری سے — سلامت رہے جسکا میخانہ ہے

کبھی آنکھ ہم سے بھی ملجائے گی — ملیگا جو قسمت مین پیمانہ ہے

نہ گل اپنی کیونکر ہون ای بلبلو — چمن کا تو سبزہ بھی بیگانہ ہے

میرا شیشۂ دل نہ ٹوٹے کہین — تری چال مین طرز مستانہ ہے

دکھاوینگے محشر مین خط جبین — یہان بھی معافی کا پروانہ ہے

پلا جلد تل جھٹ ہے ساقی کہین — نیا دور ہے بزم شاہانہ ہے

مبارک ہو شاہ اودھ کو یہ بزم — سحر جشن جمشید افسانہ ہے

عجب بات سلطان عالم کی ہے — یہ سب بات سنتی لبس اسی دم کی ہے
وہ حضرت کی آمد سواری کا لطف — سلامی مین تھا چاندماری کا لطف
وہ توپون کا چلنا وہ غبار رنگ — ہوائی سی وہ چھوٹنا تارون کا
وہ بجری دہوین دہوین کے جہاز — نہ ہونگے سمندر مین ایسے جہاز
وہ تالون سے چھوٹے ہوا بادبان — کسی پر تھی نوبت کسی پہ نشان
وہ جھیلے کے بجے پڑتا تھا دہم — صدا تھی یہ ہر جا پہ پر دہم دہم
ہمارا عجب شاہ ذیجاہ ہے — عمل جسکا ماہی سے تا ماہ ہے
بجاتے تھے باجے الگ اپنا رنگ — بجاتے تھے ڈانڈو سنے کیا طرز رنگ
وہ تختہ بنا تھا ارم کا چمن — سجے تھے وہ کوٹھے کہ جیسے دلہن
کنول جابجا تھے آئینے بانڈیان — قرینے سے سب جسکا موقع جہان
ہمیشہ رہا جشن سرکار مین — نئی تھی عید سے روز دربار مین
مخاطب ہوئے اہل دربار سب — نمرے لوٹتے تھے نمکخوار سب
معافی کی فرمان جاری ہوئے — جو اگلی تھی باون ہزاری کے تھے
سلامی کی توپین چلین چار سو — ڈھنڈورا پھرا شہر مین کو بکو
ہوئی عزت تاج و تخت و کلاہ — کہ سلطان عالم ہوئے بادشاہ
قدیمی نمکخوار ہے یہ قمر — سنین گو کہ حضرت کو ہے کیا خبر
فراموش اب ذہن حضرت ہون — ملازم ہون ہرچند مدت کا ہون
قصیدہ بھی سابق مین گذرا ہے — مشرف زیارت سے آگے ہو چکا
جدا ہون جو قدموسی سے یہ مشتاق ہے — یہ دل پھر زیارت کا مشتاق ہے
تمنا یہی ہر وقت حاضر ہون — کبھی دم نہ خدمت سے غافل رہون

تصور سے حضرت کے میرے لیکن ہیں ‏ — یہ سب کہتے ہیں عشق منزل ہیں

یہی آرزو ہے ہوا خواہ کی ‏ — تواریخ موزون کرے شاہ کی

شب و روز ہے یہ دعا ہی فقیر ‏ — الٰہی بطفیل جناب امیر

الٰہی بسجع شہنشاہ طوس ‏ — مبارک ہو ہر سال جشن جلوس

زمانے کا یارب کوئی غم نہ ہو ‏ — کبھی محفل عیش برہم نہ ہو

قیامت تک اختر کا شہرہ رہے ‏ — شب ماہ میں رقص زہرہ رہے

خدا رکھے اس شہر کی خیر کو ‏ — عجب باغ فردوس ہے سیر کو

عجب دم ہے دنیا میں یہ دم رہے ‏ — یہی دور سلطان عالم رہے

تمت

قطعہ تاریخ طبع کلیات سحر نتیجہ فکر شاعر شیرین بیان شیخ محمد جان متخلص بہ شاد

جب کلیات نظم سحر معدن سخن ‏ — مطبوع کارنامہ رونق فزا ہوا

منقوش لوح تازہ بہار چمن طراز ‏ — جدول ہر ایک خط شعاعی سے پر ضیا

زیب نگین مہر سلیمان ہر ایک لفظ ‏ — ہر ایک سطر زلف پری سی حسین سوا

ہر نظم سلک گوہر مضمون آبدار ‏ — مرغوب خاص و عام ثنائیہ کبریا

مطلع ہر ایک مطلع والفجر والقمر ‏ — مقطع ہر ایک مقطع والشمس والضحیٰ

مصرع ہر ایک مصرع سرو قد حبیب ‏ — ہر بیت بیت ابروی معشوق خوش ادا

معنی طراز صورت مانی ہر اک غزل ‏ — ہر ایک بند بستہ دلوں کا گرہ کشا

ہر قطعہ وہ کہ نامہ خوبی ہے جس پہ قطع ‏ — ہر چار بیت چار حد رکن اربعا

ہر پنجہ مس سخن ہر مخمسے ‏ — ششدر رہیں مسدسوں کی صفا سے ہر آئنا

ہر مثنوی ریاض سخن گلشن کلام ‏ — اشعار ہر قصیدہ گل مدحت و ثنا

[illegible] سال ختم و [illegible] آگہی ‏ — تاریخ یہ کہی کہ ریاض سحر چھپا

۱۲۹۰ ۱۲۹۳

التماس

شائقان سخن شیرین بیان

و مشتاقان کلام رنگین پر مضمون ہو کہ

ایک مدت سے راقم کو تلاش نظم روح پرور کلام موزون

پر اثر شاعر رنگین بیان فصیح اللسان جناب شیخ امان علی مرحوم

متخلص بہ سحر تھی الحمد للہ بتائید احباب شاہپوری حوالی باحسن اسلوب کلیات کی

ترتیب دی کی ریاض سحر نام رکھا بغرض تفرج طبع شائقین چھاپ کے

مشتہر کیا اور آئندہ جو غزل و اشعار رہ گئے تھے آئین گے ہنگام طبع ثانی شامل

کلیات کیے جاینگے اب حسب منشاء قانون بستم سنہ ۱۸۶۷ع درخواست

رجسٹری کی ہے حفظ حقوق مشقت ترتیب و صحت کی فکر ہوئی ہے لہذا

بخدمت طالبان سخن سنج و پیشگان مرنجان مرنج التماس ہے کہ

جسقدر نسخے مطلوب ہون مطبع کارنامہ واقع گولہ گنج متعلقہ شہر

لکھنؤ سے طلب فرمائیں بے اجازت راقم چھاپنے

کا خیال نلائین کہ نقصان اوٹھائین گے

بر رسولان بلاغ باشد و بس

فقط

سنہ ۱۲۹۱ ہجری